Foundation transcript 2018

Question 1 shopping

عورت : میں نے پچھلے ہفتے اپنے لیے کہانیوں کی کتابیں خریدیں۔ ثمینہ کے لیے کالی پتلون، علی کے لیے شلوار قمیص اور فاطمہ کے لیے کھانے کا ڈبہ خریدا۔ دانیال کے لیے اس کی پسند کے جوتے لیے۔

Question 2 Eating habits

مرد: میں ہر روز اپنی بہن کے ساتھ ناشتہ کرتا ہوں۔ ہمیں اکٹھے ناشتہ کرنا پسند ہے۔ میں ناشتے میں دودھ نہیں پیتا۔ میری بہن انڈا اور ڈبل روٹی کھاتی ہے۔ میرا بھائی صبح کو کچھ نہیں کھاتا۔ میری امی سب سے آخر میں ناشتہ کرتی ہیں کیونکہ وہ ناشتہ تیار کرنے میں مصروف ہوتی ہیں۔

Question 3 Sport

عورت: پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان کھیلے جانیوالے آخری میچ میں پاکستانی ٹیم نے پہلے بولنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ انگلینڈ کی ٹیم ایک بار پھر اچھا کھیلی اور ۳۰۰ رنز بنائے۔ پاکستان کی طرف سے حسن علی نے چار وکٹیں لیں۔

مرد: پاکستانی ٹیم کے پہلے تین کھلاڑیوں کی ناکامی کے بعد آنے والے کھلاڑیوں نے ٹیم کو سنبھالا دیا۔ پاکستانی ٹیم انگلینڈ کو چار وکٹوں سے ہرانے میں کامیاب رہی۔ انگلینڈ کی ٹیم پہلے ۴ میچ جیت چکی تھی اس لیے ان کے حامی بہت خوش تھے۔

Question 4 Weather

مرد: لوگ موسم برسات کی آمد سے خوش تو ہوتے ہیں کہ گرمی کم ہو جائے گی لیکن انہیں مچھروں اور آلودہ پانی کی وجہ سے مختلف بیماریوں کا خطرہ بھی رہتا ہے۔

عورت: سڑکوں پر ہر طرف پانی جمع ہوتا ہے جس کی وجہ سے سفر کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اکثر سکول بند ہو جاتے ہیں اور بچے خوشی سے بارش میں نہاتے ہیں۔ مجھے ایسا منظر بہت پسند ہے۔

مرد: بازاروں میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہیں جس سے غریب لوگوں کی زندگی اور بھی مشکل ہو جاتی ہے البتہ بجلی کا خرچ کم ہو جاتا ہے۔

Question 5 Day out with Family

مرد: میرا نام اکرم ہے میں نے اتوار کے دن اپنے خاندان کے ساتھ پکنک کا پروگرام بنایا۔

عورت: میں ثمینہ ہوں ہم صبح دس بجے گھر سے نکلے۔ موسم خوشگوار تھا۔ سورج چمک رہا تھا۔

مرد: مجھے جاوید کہتے ہیں۔ ہم گیارہ بجے باغ میں پہنچے۔

عورت: میں نگہت ہوں۔ بہت سے خاندان درختوں کے نیچے دریوں پر بیٹھے تھے۔

مرد: میرا نام علی ہے۔ ہر ٹولی کے ساتھ کھانے پینے کا کافی سامان موجود تھا جیسے کہ کھانے کی ڈشیں، مشروبات اور کیک ۔

Question 6 School life

عورت: میں عدیلہ ہوں۔ ہمارا اسکول صبح ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوتا ہے۔

مرد: ثمینہ انگریزی میں اچھی ہے جبکہ آدم کھیلوں میں بہت اچھا ہے۔

عورت: ارم کھانے کا وقفہ باتیں کرنے میں گزار دیتی ہے لیکن اشتیاق وقت بالکل ضائع نہیں کرتا۔

مرد: میں علی ہوں۔ میرا پسندیدہ مضمون حساب ہے۔ میرے حساب میں اچھے نمبر آتے ہیں کیونکہ میرے استاد بڑی محنت سے پڑھاتے ہیں۔

Question 7 Lifestyle

مرد: میں عثمان ہوں۔ میرا خیال ہے کہ صحت مند رہنے کے لیے صبح جلدی اٹھنا ضروری ہے۔ صبح کے وقت خالی پیٹ پانی پینا بہت مفید ہے۔ روزانہ پیدل چلنا ہر عمر کے لوگوں کے لیے لمبی زندگی اور خوش مزاجی حاصل کرنے کا راز ہے۔

عورت: میرا نام عائشہ ہے۔ مسلسل بیٹھے رہنا موٹاپے کا سبب اور سگریٹ نوشی کی طرح نقصان دہ ہے۔ سکول میں کھانے کے وقفے کے دوران پیدل چلنا اور صبح سویرے دوڑنا صحت کے لئے بہت اچھا ہے۔

مرد: مجھے ندیم کہتے ہیں۔ ترش ذائقے والے پھل مثلاً سنگترے اور مالٹے کا استعمال بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

Question 8   My Friend

مرد: میرا دوست زین ایک پر سکون علاقے میں رہتا ہے. اس کے گھر کے قریب ایک خوبصورت جھیل ہے۔ زین کو مچھلیاں پکڑنے کا شوق ہے لیکن اس کا بھائی شکیل جھیل میں کشتی چلانے کا شوقین ہے۔

عورت: مجھے اور میری سہیلی آمنہ کو پارک میں سیر کرنا پسند ہے مگر حفصہ صرف کھانا کھانے کے لیے باہر جانا چاہتی ہے۔ ہم کبھی کبھار فلم دیکھنے بھی چلی جاتی ہیں۔

Question 9   Birthday Present

مرد: میری سالگرہ پر میری بہن نے مجھے پھول دیے۔ میرے دوست نے مجھے گھڑی اور ابو نے سونے کی انگوٹھی دی۔ بھائی نے کھلونے اور میری امی نے پچیس پونڈ دیے۔

Question 10   Technology

عورت: اب دبئی کی سڑکوں پر بھی بغیر ڈرائیور بسیں چلا کریں گی۔ وقت کی پابندی اور مسافروں کی حفاظت کے لیے بغیر ڈرائیور بسیں چلانے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ یہ بسیں چالیس کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلیں گی اور ہر بس میں دس سیٹیں ہونگی۔ ایسی بسیں اس سال بن چکی ہیں اور تجربے کے لئے چلائی جا رہی ہیں۔ اکثر لوگ ان سے خوش ہیں مگر یہ ڈرائیوروں کے لئے پریشانی کا باعث بن سکتی ہیں۔